**11.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے کسانوں کو بااختیار بنانے کی پابند ہے۔ انھوں نے آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے اور زیادہ پیداوار دینے والی 109 قسم کی فصلوں کا اجرا کیا۔

☆ SEBI نے، ہنڈن برگ محققین کے الزامات سے انکار کیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ مفادات کے ٹکراوٗ سے نمٹنے کیلئے مناسب داخلی طریقِ کار موجود ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مالدیپ، بھارت کا ایک بنیادی شراکت دار ہے اور دونوں ملک اپنے تعاون کو جدید انداز کی ایک شراکت داری میں بدلنے کے خواہاں ہیں۔

☆ شمالی بھارت کے بہت سے علاقوں میں شدید بارش ہوئی ہے۔ IMD نے اگلے سات دن کے دوران شمالی اور شمال مشرقی بھارت میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور 2024 کے پیرس اولمپکس، Stade de France میں، ایک شاندار اختتامی تقریب کے ساتھ آج رات ختم ہو رہے ہیں۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Crops Release*

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے کسانوں کو بااختیار بنانے کی پابند ہے۔ جناب مودی نے یہ بات، زیادہ پیداوار دینے والی، آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور زیادہ تغذیہ بخش 109 قسم کی فصلوں کو جاری کرنے کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہی۔ یہ تقریب نئی دلّی کے زرعی تحقیق کے بھارتی ادارے میں منعقد ہوئی۔ انھوں نے مزید کہا کہ فصلوں کی آب وہوا سے مطابقت رکھنے والی اور زیادہ پیداوار دینے والی قسموں سے، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ 61 فصلوں کی اِن 109 قسموں میں 34 فصلیں کھیت میں اُگائی جانے والی ہیں اور 27 فصلیں باغبانی سے متعلق ہیں۔ اِن سے کسانوں کی آمدنی اور پیداواریت میں اضافہ ہوگا نیز لاگت میں کمی آئے گی۔

کھیتوں میں اُگنے والی فصلوں کے تحت مختلف قسم کے اناج کے بیج جاری کئے گئے، جن میں باجرہ، مویشیوں کا چارہ، تِلہن، دَلہن، گنّا، کپاس، ریشہ اور دیگر امکانی فصلیں شامل ہیں۔
باغبانی والی فصلوں میں پھل، سبزیاں، مختلف قسم کے پودے، ٹیوبرس، مسالے، پھول اور جڑی بوٹیاں شامل ہیں۔اِس موقع پر وزیر اعظم نے کسانوں اور سائنسدانوں سے بات چیت بھی کی۔ اِن نئی قسم کی فصلوں کی اہمیت پر بات چیت کرتے ہوئے جناب مودی نے، زراعت میں، ویلیو ایڈیشن کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ کسانوں نے کہا کہ یہ نئی قسم کی فصلیں انتہائی فائدے مند ہیں کیونکہ اِن سے اخراجات میں کمی آئے گی اور ماحول پر مثبت اثر پڑے گا۔ بعد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِن فصلوں کے بیج، آب وہوا سے مطابقت رکھتے ہیں اور خراب موسم میں بھی اچھی فصل دے سکتے ہیں۔

S/B Shivraj Singh Chouhan

## President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں فجی، نیوزی لینڈ اور Timor Leste کے اپنے سرکاری دورے کے بعد آج شام نئی دلّی واپس آگئیں۔ دورے کے دوران دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کیے جانے کے ساتھ ساتھ مفاہمت کے اقرار ناموں اور دو طرفہ سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے۔ بھارت نژاد لوگوں کے ساتھ خصوصی رابطہ، اِس دورے کا اہم پہلو تھا۔دورے کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو Companion o the Order of Fiji اور Grand Collar of the Order of Timor Lieste سے نوازا گیا۔ یہ دونوں فجی اور Timor Leste کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز ہیں۔صدر جمہوریہ کے دورے سے اِن ملکوں کے ساتھ بھارت کی تاریخی ساجھیداری کو مستحکم کرنے میں نہ صرف مدد ملے گی بلکہ نئے شعبوں تک وسعت بھی حاصل ہوگی۔ اِن دوروں سے وہ اہمیت بھی اجاگر ہوتی ہے جو بھارت مشرق نواز پالیسی کے تحت بھارت- بحر الکاہل اور جنوب مشرقی ایشیا کو دیتا ہے۔ x

## SEBI-Hindenburg

بھارت کے تمسکات اور مبادلے سے متعلق بورڈ SEBI نے Hindenburg ریسرچ کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی تردید کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ اُس کے پاس مفادات کے ٹکراؤ سے متعلق معاملات سے نمٹنے کیلئے مناسب داخلی طریقۂ کار موجود ہیں، جن میں طریقۂ کار کا انکشاف اور خود کو الگ کر لینے کا التزام شامل ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ صدر نشیں نے تمسکات کی ہولڈنگس اور اُن کی منتقلی کے اعتبار سے درکار متعلقہ انکشافات وقتاً فوقتاً کیے ہیں۔ اُس نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا ہے کہ صدر نشیں نے اُن معاملوں سے خود کو الگ کرلیا ہے، جن میں مفادات کے امکانی ٹکراؤ شامل تھے۔SEBI نے سرمایہ کاروں سے بھی کہا ہے کہ وہ پُرسکون رہیں اور اِس طرح کی خبروں پر ردّ عمل ظاہر کرنے سے پہلے چابکدستی اور ہوشیاری کا مظاہرہ کریں۔Hindenburg ریسرچ کی رپورٹ میں کیے گئے دعووں کا ذکر کرتے ہوئے SEBI نے کہا ہے کہ اِن معاملوں سے مناسب طور پر نمٹنے اور ردّ عمل ظاہر کرنے کی ضرورت ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ اڈانی گروپ کے خلاف Hindenburg ریسرچ کی جانب سے

لگائے گئے الزامات کی SEBI نے مناسب چھان بین کی ہے۔ SEBI نے یہ بھی کہا ہے کہ وہ بھارت کے اثاثہ مارکیٹ کی دیانتداری اور اُس کے نشو و نما اور ترقی کو یقینی بنانے کا عہد کیے ہوئے ہے۔ x

## FPIs

اگست کے پہلے سات دن کے دوران، بھارت کی قرضہ مارکیٹس میں چھ ہزار 261 کروڑ روپے کی غیرملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ البتہ غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے شیئر ماکیٹس سے 13 ہزار 431 کروڑ روپئے نکالے۔ اِس سے پہلے، بھارت کی اثاثہ مارکیٹس میں لگاتار دو مہینے تک سرمایہ کاری کی جاتی رہی۔FPIs نے شیئر مارکیٹس میں جولائی میں 32 ہزار 365 کروڑ روپے اور جون میں 26 ہزار 565 کروڑ روپے لگائے۔ اِس سے پہلے، FPIs نے مئی میں 25 ہزار 586 کروڑ روپے اور اپریل میں 8 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ نکالے۔ اِس سال ابھی تک، بھارت کی اثاثہ مارکیٹس میں اِن کمپنیوں نے ایک اعشاریہ دو لاکھ کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی۔ FPIs نے 2024 میں ابھی تک، شیئر مارکیٹس میں 22 ہزار 135 کروڑ روپئے اور قرضہ مارکیٹس میں 97 ہزار 249 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی۔x

## Lead Jaishankar-Maldives with Add

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ مالدیپ، بھارت کیلئے بحرِ ہند کے خطے میں ایک اہم ساجھیدار ہے اور دونوں ممالک اپنے شتراک کو ایک جدید ساجھیداری میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر، مالدیپ میںAddu Reclamation Project اور Addu Shore Protection Project کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے ترقیاتی اشتراک کا مقصد، مالدیپ میں عوام کی زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کرنا اور اُنھیں ٹھوس فائدے پہنچانے کے طریقے تلاش کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے Addu Reclamation Project اور Addu Shore Protection Project سے متعلق مالدیپ حکومت کے ساتھ ساجھیداری کی ہے تاکہ Addu کو ایک علاقائی مرکز کے طور پر فروغ دینے کا ایک پائیدار طریقہ تلاش کیا جاسکے۔
ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ 8 کروڑ امریکی ڈالر کے اِس پروگرام میں سیاحت کو فروغ دینا اور Addu کی مجموعی اقتصادی ترقی شامل ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس سے خطے میں مجموعی ترقی ہوگی، جس سے روزگار، صنعت اور تجارت کے بہتر مواقع فراہم ہوں گے۔ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ گزشتہ چند برس میں بھارت نے Addu میں تقریباً 22 کروڑ امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے، جس سے اِس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بھارت، مالدیپ میں علاقائی ترقی کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ x

## Foreign Secy Nepal

خارجہ سکریٹری وکرم مصری، نیپال کے دو روزہ سرکاری دورے پر کاٹھمانڈو پہنچ گئے ہیں۔ وہ نیپال کے اپنے ہم منصب Sewa-Lamsal کی دعوت پر وہاں پہنچے ہیں۔ کاٹھمانڈو کے ترِی بھَون انٹرنیشنل ہوائی اڈے پر جناب

Lamsal نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔نیپال کی وزارت خارجہ کے مطابق، دونوں ملکوں کے خارجہ سکریٹری نیپال-بھارت تعلقات، باہمی مفاد اور تعاون سے متعلق مختلف امور پرتبادلہ خیال کریں گے۔خارجہ سکریٹری مصری نیپالی حکومت کے سرکردہ افراد کے ساتھ علیحدہ علیحدہ میٹنگیں کریں گے۔ بھارتی خارجہ سکریٹری کا نیپال کا یہ ایک باضابطہ دورہ ہے۔ یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے باضابطہ دوروں کی روایت کے ساتھ ہم آہنگ ہے اور اس سے بھارت کے ساتھ نیپال کے تعلقات کی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔

نیپال اور بھارت کے درمیان صدیوں پرانے تہذیبی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات قائم ہیں۔ بھارت، نیپال کے بنیادی ڈھانچہ جاتی اور کنکٹوٹی سے متعلق بہت سے بڑے پرجیکٹوں کی تکمیل میں اس کی مدد کررہا ہے۔ خارجہ سکریٹری کل بھارت لوٹ آئیں گے۔x

## NEET-PG Exam

NEET-PG-2024 امتحان کا آج ملک بھر کے 170 شہروں میں کامیاب انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل سائنس امتحانات کے قومی بورڈ، NBEMS نے کہا ہے کہ اِس سال قریب دو لاکھ 28 ہزار 540 امیدواروں کو ہال ٹکٹ جاری کئے گئے تھے۔ NEET-PG امتحان کے انعقاد پر نگرانی کیلئے ایک ہزار 950 آزاد نگراں کار اور 300 فلائنگ اسکواڈ اراکین کو امتحانی مراکز پر مامور کیا گیا تھا۔ NBEMS نے مزید کہا کہ ملک گیر امتحان کے انعقاد کی نگرانی کیلئے آٹھ علاقائی کمانڈ مراکز بھی قائم کئے گئے تھے۔x

## WCD MEET

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر اَنّ پورنا دیوی نے ملک بھر میں خواتین اور بچوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے کے مقصد سے مرکز اور ریاستوں کے درمیان مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ریاستوں میں خواتین اور بچوں کی ترقی اور سماجی بہبود کے وزیروں نیز مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لیفٹیننٹ گورنرز کے ساتھ، پہلی قومی سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔

وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے وژن کو پورا کرنے کیلئے اِس طرح کی مشترکہ کوششیں لازمی ہیں۔ انھوں نے مشن سکشم آنگن واڑی اور پوشن دوئم، مشن وَتسالیہ اور مشن شکتی کے تحت، وزارت کے اہم پروگراموں کا بھی خاص طور پر ذکر کیا۔

میٹنگ میں 28 ریاستوں کے 21 وزیروں نے شرکت کی۔ میٹنگ میں خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت کے تحت جاری پروگراموں اور مستقبل کی حکمت عملی پر جاری پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔x

## Vaishno Devi

جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج شری ماتا ویشنو دیوی مندر کے درشن کئے اور مرکز کے زیرانتظام اِس علاقے کے امن، خوشحالی اور ترقی کیلئے دعا کی۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ لیفٹیننٹ گورنر نے مندر کے درشن کے دوران، عقیدتمندوں کیلئے، بھوَن میں ایک نئی یگیہ شالہ کا افتتاح کیا اور اسے عقیدتمندوں کیلئے وقف کیا۔
یگیہ شالہ اِس مذہبی احاطے کا ایک حصہ ہے، جسے بھوَن میں عقیدتمندوں کی روحانی رسموں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ڈیزائن اور تعمیر کیا گیا ہے۔x

## Weather with Add and Further Add

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے سات دن کے دوران ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، اترپردیش، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور بہار میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مغربی اور وسطی بھارت میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔
وہیں محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ دن کے دوران کیرالہ، تملناڈو اور شمالی اندرونی کرناٹک میں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اِس بیچ قومی راجدھانی دلّی میں آج ہلکی سے معتدل بارش کی وجہ سے موسم خوشگوار ہوگیا ہے۔ دلّی کے لوگوں کو اِس بارش کی بدولت گرمی سے کچھ حد تک نجات ملی ہے۔
اِدھر پنجاب میں موسلادھار بارش کی وجہ سے کئی ضلعوں میں معمول کی زندگی متاثر رہی۔
مانسون کے اِس موسم میں پنجاب میں پہلی بار اتنی تیز بارش ہوئی ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے ریاست کے کئی ضلعوں میں زبردست بارش کے پیش نظر Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔
اِسی طرح گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران ہماچل پردیش کے مختلف حصوں میں مانسون سرگرم رہا اور کئی مقامات پر بارش ہوئی۔ ریاست میں سیلاب سے متعلق حادثات میں آج 12 لوگوں کی موت ہوگئی اور 3 اَب بھی لاپتہ ہیں۔ حالیہ قدرتی آفت کے بعد ہماچل پردیش کے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں جاری ہیں۔

## Bangla Situation

بنگلہ دیش میں اِس مہینے کی پانچ تاریخ کو ملک میں حکمرانی کی تبدیلی کے بعد زیادہ تر پولیس اہلکاروں کو اپنی ڈیوٹی پر واپس آنا ہے۔ حکمرانی کی تبدیلی کے بعد، ملک میں امن وقانون کی صورتحال ابتر ہوگئی ہے۔
عوامی لیگ پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں، مذہبی اقلیتوں کے لوگوں اور سماج کے کمزور طبقوں کو، بگڑتی ہوئی صورتحال کا سامنا ہے۔
بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے امور داخلہ کے مشیر ایم سخاوت حسین نے آج پولیس عملے کے افراد سے کہا ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس آجائیں اور لوگوں کی حفاظت کو برقرار رکھیں۔
اِسی دوران، آج کئی ہزار لوگوں نے ایک احتجاجی ریلی نکالی اور Sylhet ڈویژن کے مولوی بازار ضلع میں ایک انسانی زنجیر تشکیل دی۔ یہ لوگ مقامی اقلیتی برادریوں پر حملوں کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ حملوں میں توڑ پھوڑ، لوٹ پاٹ، اِن کے گھروں، مندروں اور تجارت کی جگہوں کو جلایا جانا شامل ہے۔x

**Olympics**

تین ہفتے طویل کھیلوں کے سنسنی خیز مقابلوں کے بعد، پیرس اولمپک 2024، آج دیر رات اختتام پذیر ہو رہے ہیں۔ اختتامی تقریب رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگی۔

پیرس اولمپک میں بھارت، ایک چاندی اور پانچ کانسے کے تمغے جیت کر 71ویں پوزیشن پر رہا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆